ہفت روزہ
خدام الدین لاہور
بانی
شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی
شیرانوالہ دروازہ لاہور
۱۷ ستمبر ۱۹۸۲ء
ڈیڑھ روپیہ
یکے از مطبوعات انجمن خدام الدین لاہور
28/11

احادیث الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

عن ابن عباسؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لو کان لابن آدم وادیان من مال لابتغی ثالثاً ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب۔ متفق علیہ۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر آدم کے بیٹے کے لئے دو بارانی نالے مال کے ہوں تو تیسرے کی بھی خواہش کرے گا اور آدم کے بیٹے کے پیٹ کو سوائے مٹی کے اور کوئی چیز نہیں بھرتی اور جو توبہ کرے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے۔

عن ابن عمرؓ قال اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ببعض جسدی فقال کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل وعد نفسک فی اھل القبور۔ رواہ البخاری

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کے کسی حصّہ کو پکڑ کر فرمایا۔ دنیا میں اس طرح رہ گویا کہ تو مسافر ہے۔ اور اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کر۔

عن سعدؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یحب العبد التقی الغنی الخفی (رواہ مسلم)

سعدؓ سے روایت ہے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ پرہیزگار آسودہ حال اور چھپ کر رہنے والے بندے کو پسند کرتا ہے۔

عن ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا حسد الا علی اثنین رجل اتاہ اللہ القرآن فھو یقوم بہ اناء اللیل واناء النھار ورجل اتاہ اللہ مالاً فھو ینفق منہ اناء اللیل واناء النھار (متفق علیہ)

عبداللہؓ بن عمرؓ سے روایت ہے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو شخصوں پر حسد (یعنی رشک) کرنا جائز ہے ایک وہ جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن کا علم عطا فرمایا ہے اور وہ قرآن پر رات اور دن عمل کرتا ہے دوسرا وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا ہے وہ اسے رات اور دن اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔

عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدخل الجنۃ من امتی سبعون الفاً بغیر حساب ھم الذین لا یسترقون ولا یتطیرون وعلی ربھم یتوکلون۔ (متفق علیہ)

عبداللہؓ بن عباسؓ سے روایت ہے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امّت میں سے ستّر ہزار بلاحساب بہشت میں داخل ہوں گے۔ وہ وہ لوگ ہیں جو نہ جھاڑ پھونک (کرتے ہیں) اور نہ شگون بد لیتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

ہفت روزہ
خدام الدین
لاہور پاکستان
جلد ۲۸ شمارہ ۱۱
جمعۃ المبارک ۲۸ ذی قعدہ ۱۴۰۲ھ
رئیس الادارہ
شیخ التفسیر حضرۃ مولانا عبید اللہ انور مدظلہ
مجلس ادارت
مولانا محمد اجمل قادری
محمد سعید الرحمٰن علوی
ظہیر میر۔ ایم اے، ایل ایل بی
دفاتر
کراچی: انجمن خدام الدین بلڈنگ، پہلی چورنگی ناظم آباد، کراچی ۲۱۱۴۴۲
لاہور: خدام الدین مرکز، اندرون شیرانوالہ دروازہ، فون ۶۴۹۱۴
بدل اشتراک
سالانہ ۶۵ روپے
ششماہی ۳۳ روپے
سہ ماہی ۱۷ روپے
فی پرچہ ڈیڑھ روپیہ
سالانہ خریداری برائے غیر ممالک
سعودی عرب ۲۰۰ روپے
کویت، او مان، شارجہ، دوبی، اردن، شام ۲۴۰ روپے
انگلینڈ، یورپ ۲۹۰ روپے
امریکہ، آسٹریلیا، کینیڈا ۳۶۵ روپے
افریقہ (بذریعہ ڈاک) ۳۰۵ روپے
ہندوستان، افغانستان ۱۶۰ روپے
ناشر: مولانا عبید اللہ انور، طابع ...

یہ دست درازیاں

لاہور ہائی کورٹ کے فاضل جج جناب جسٹس سعید الرحمٰن صاحب کی اقامت گاہ پر سکوٹر سوار لوگوں کی کارروائی کا علم سارے ملک کو ہو چکا ہے اور یہ بات بھی سامنے آ چکی ہے کہ اس غنڈہ گردی کے نتیجہ میں ایک غریب محافظ اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا اسکی اہلیہ کا سہاگ اجڑ گیا اور بچے یتیم ہو گئے نہ معلوم اور کون کون اس کی موت کی المناکی کا شکار ہوا ہو گا؟

اس سے قبل اس نوع کی کئی خبریں سامنے آئیں۔ مثلاً جی، پی، او کراچی میں ڈاکہ، جی، پی، او لاہور، واپڈا ہاؤس اور ایوانِ اوقاف سے متصل ایک بلڈنگ میں آگ کا بھڑکنا، اور ہر جگہ ریکارڈ روم کا متاثر ہونا ــــ جہاں بھی آگ بھڑکی وہاں سرکاری خبر یہی آئی کہ بجلی کی تاروں میں گڑبڑ کا شاخسانہ ہے ــ ظاہر ہے کہ اس قسم کی تاویل جسٹس صاحب کی اقامت گاہ کے متعلق مشکل تھی ورنہ شہ دماغ کوئی کارنامہ یہاں بھی سرانجام دیتے۔

کہنا یہ ہے کہ دست درازیوں کا سلسلہ دراز تر ہے۔ پچھلا دور جسے ہر کوئی تاریک کہتا ہے لیکن اس تاریک دور کے بعد کیا فرق پڑا؟ واقعات گنوانے کا فائدہ نہیں اصل مسئلہ حالات کی اصلاح کا ہے ــــ زبان اور دل آپس میں جب رفیق نہیں ہوتے ــــ زبان پر کلمات خیر ہوتے اور دل میں چور چھپا ہوتا ہے تو اسی قسم کے نتائج سامنے آتے ہیں، گھٹن کی فضا ختم ہو اس کے بعد جو گڑبڑ گھاس کے

ساتھ نرمی نہ ہو۔ مشکل یہ ہے کہ ہر چور اچکے کے سرپرست اور سفارشی موجود رہتے ہیں۔ اور ان کے لمبے ہاتھ ہر چور ڈاکو کو بچا لے جاتے ہیں۔ اور اب مختلف دفاتر میں واقع ہونے والے یہ واقعات اور ریکارڈ روم کا متاثر ہونا اس کا سبب وہ آرڈیننس بھی ہو سکتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں "افسر شاہی" کا اپریشن مطلوب ہے اور کسی حکم کی کوئی اپیل نہیں۔

ظاہر ہے کہ "افسر شاہی" اس ملک کی مؤثر ترین جماعت ہے۔ بڑے سے بڑا حکمران اس کا محتاج ہے اسے چھیڑ کر کوئی سکھ کا سانس کیسے لے سکتا ہے؟ اور پھر جو انداز ہے وہ بہر حال غلط ہے — بالعموم شریف لوگ تطہیر کا شکار ہو جاتے ہیں اور گندے انڈے اپنے خونی جباڑوں اور ظالمانہ ہاتھوں سے جوں کے توں رہتے ہیں — یحییٰ خان نے زبردست تطہیر کی، بھٹو صاحب نے کی لیکن فائدہ؟ ایک افسر کو آپ نے چلتا کیا لیکن افسر شاہی کے دوران جو اس نے ہاتھ رنگے اس کا کیا ہوا؟

ہماری درخواست ہے کہ اس آرڈیننس میں ترمیم ہو چھوٹے بڑے کی رعایت نہ ہو، افسروں کی تحقیق کے لئے افسر نہیں عوام کے قابل اعتماد لوگ لئے جائیں، باقاعدہ چارج شیٹ کے بعد کارروائی ہو صفائی کا حق ہو اور صفائی کے بعد جو مجرم ثابت ہو جائے اس کی جائیداد ضبط کر کے ہر شہر کے مرکزی چوک میں ایک پنجرہ بنا کر اس افسر کو اس میں ڈال دیا جائے ایک ہفتہ تک اس حال میں انہیں رکھا جائے، لوگ ان تماش بینوں کا ایک ہفتہ تک تماشہ دیکھیں پھر دیکھیں کہ اصلاح ہوتی ہے یا نہیں؟ ہمیں اپنی تجویز پہ اصرار نہیں ہم تو دست درازیوں کو روکنے کی درخواست کرتے ہیں اور صرف اتنا عرض کرتے ہیں کہ آج مارشل لائی دور میں یہ ہو رہا ہے تو کل کیا ہوگا؟

مجرموں کو پکڑیں، ان کے سرپرستوں کو پکڑیں اور کسی سے رعایت نہ برتیں — اسی میں آپ کا بھلا، اسی میں ملک و قوم کا بھلا — خدا اپنا بھلا سوچنے کی توفیق دے۔

ان سطور کی کتابت کے کے بعد اربن ٹرانسپورٹ کے ایک لاہوری ڈپو کی خبر سامنے آئی۔ ایک دو نہیں ۳۹ بسیں جل گئیں — لاکھوں کا نقصان ہوا — خبر ہے کہ دو سو نئی اور پرانی بسیں بچا لی گئیں — ماشاء اللہ — بڑا کارنامہ سرانجام دیا کہ اتنی بسیں بچا لی گئیں — سوال یہ ہے کہ ۳۹ جل کیسے گئیں؟ اس پردہ زنگاری کے پیچھے کس "بت کافر" کا ہاتھ ہے؟ خبر میں ہے کہ اچانک آگ بھڑک اٹھی لیکن وجہ معلوم نہیں

ہم کیا عرض کریں اس "اچانک" میں کیا کیا چھپا ہے خدا نہ کرے کہ "اچانک اچانک" میں ہم کسی اور مصیبت کا شکار نہ ہو جائیں؟

اخبارات کو دیکھیں تو ہمارے "ان داتا" امریکہ سرکار کے بجٹ میں ہماری امداد کے لئے رقم نہیں، ایف ۱۶ طیاروں کی فراہمی میں تاخیر کا خطرہ ہے

بیرونی حالات یہ ہیں، اندرونی طور پر نقشہ المناک اور خوفناک — اور سوچیں کہ کیا بنے گا؟

علوی

مجلس ذکر
منعقدہ
۳ر ستمبر ۱۹۸۲ء

جذبۂ جہاد کی ضرورت

ارشادات عالیہ :- مخدومنا و مرشدنا جانشین شیخ التفسیر حضرت مولانا عبید اللہ انور دامت برکاتہم
تحریر :- خادم سلسلۂ عالیہ قادریہ راشدیہ احقر محمد عثمان غنی بی اے واہ کینٹ (حال وارد لاہور)

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم :-

اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّ ھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ (آل عمران ۹۶)

ترجمہ: بے شک لوگوں کے واسطے جو سب سے پہلا گھر مقرر ہوا یہی ہے جو مکّہ میں برکت ہے، اور جہاں کے لوگوں کے لئے راہ نما ہے"۔

بزرگانِ محترم و معزز حاضرین! اللہ تعالےٰ نے انسان کو جس مقصد کے لئے پیدا فرمایا وہ عبادت ہے۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ اکثر و بیشتر سورۂ ذاریات کی آیت ۵۶ پڑھ کر اس طرف توجہ دلایا کرتے تھے۔ ارشاد قرآنی ہے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ۔

"ترجمہ:" اور میں نے جن اور انسان کو جو بنایا ہے تو صرف اپنی بندگی کے لئے"۔

آج مسلمان اسی بندگی کو بھلا بیٹھے ہیں اور اپنے مرکز سے ہٹے ہوئے ہیں۔ جس کی پاداش میں اسرائیل جیسی ذلیل قوم کے ہاتھوں ظلم و تشدّد کا مسلسل نشانہ بن رہے ہیں روحِ جہاد سے مسلسل تغافل ہے — کبھی مسلمان کے نام سے کفّار پر کپکپی طاری ہو جاتی تھی۔ نہتے مسلمانوں نے جدید اسلحہ سے بیس گنا افواج کو شکست دی۔ تاریخ اس پر گواہ ہے۔ لیکن آج ایک ارب مسلمان چھوٹی چھوٹی غیر مسلم اقوام کے سامنے ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔

ارشاد باری ہے :-

وَجَاھِدُوْا فِی اللہِ حَقَّ جِھَادِہٖ ط (الحج ۷۸)

ترجمہ: اور اللہ کی راہ میں کوشش کرو جیسا کوشش کرنے کا حق ہے"۔

مسلمان کا جینا مرنا عبادت ہے۔ اگر جہاد میں کام آ گیا تو شہادت کا تمغہ مل گیا، زندہ واپس آ گیا تو غازی کے لقب سے ملقّب ہو گیا۔

آج مسلمانوں کی شیرازہ بندی کی اشد ضرورت ہے تاکہ اللہ اور رسولؐ کا دین غالب ہو۔

دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ دشمنانِ اسلام کا منہ کالا کرے اور اسلام کا بول بالا کرے۔ اسرائیل جو فلسطینیوں پر مظالم ڈھا رہا ہے اللہ تعالےٰ اسے غارت کرے اور فدائین کو فتح و نصرت سے ہمکنار کرے آمین

وَ اٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

منتظر ہے یہ جہاں آئین پیمبرؐ کا آج
ورنہ سب بے کار ہے جمہور ہو یا تخت و تاج

خطبہ جمعہ

ضبط و ترتیب : علوی

کفر و شرک ◎ حق تعالیٰ کی بغاوت ہے

جانشین شیخ التفسیر حضرت مولانا عبید اللہ انور دامت برکاتہم العالیہ

الحمد للہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد : فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم :-

ما کان للنبیّ والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربیٰ من بعد ما تبیّن لھم انھم اصحٰب الجحیم :

صدق اللہ العظیم :——

محترم حضرات ! یہ آیت کریمہ گیارھویں پارے میں سورۂ توبہ کی ایک سو تیرھویں آیت ہے۔ اس میں حق تعالےٰ نے مسلمانوں کے لئے ایک قانون اور ضابطہ بیان فرمایا ہے جس کا مسلمانوں کے بنیادی عقائد کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے بلکہ یہ بجائے خود ایک عقیدہ ہے۔ جس پر ایمان و یقین مسلمانوں کے لئے نہایت ضروری ہے۔ پہلے اس آیت کریمہ کا ترجمہ سماعت فرمالیجئے۔ پھر انشاء اللہ اس کے متعلقات عرض کئے جائیں گے۔

" پیغمبر اور مسلمانوں کو یہ بات مناسب نہیں، کہ مشرکوں کے لئے بخشش کی دعا کریں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی ہوں۔ جب کہ ان پر یہ ظاہر ہو گیا کہ وہ دوزخی ہیں۔"

(حضرت لاہوری رح)

حاشیہ علامہ شبیر احمد عثمانی رح

مومنین جب جان و مال سے خدا کے ہاتھ پر بیع ہو چکے تو ضروری ہے کہ تنہا اُسی کے ہو کر رہیں۔ اعداء اللہ سے جن کا دشمنِ خدا اور جہنمی ہونا معلوم ہو چکا ہو محبت و مہربانی کا واسطہ نہ رکھیں، خواہ یہ دشمنانِ خدا ان کے ماں باپ چچا تایا اور خاص بھائی بند ہی کیوں نہ ہوں، جو خدا کا باغی اور دشمن ہے وہ ان کا دوست کیسے ہو سکتا ہے پس جس شخص کی بابت پتہ چل جائے کہ بالیقین دوزخی ہے خواہ وحی الٰہی کے ذریعہ سے یا اس طرح کہ علانیہ کفر و شرک پر اس کی موت آچکی ہو۔ اس کے حق میں استغفار کرنا اور بخشش مانگنا ممنوع ہے۔ بعض روایات میں ہے کہ یہ آیت آنحضرت کی والدہ حضرت آمنہ کے بارے میں نازل ہوئی — بعض احادیث میں مذکور ہے کہ آپ کے چچا ابوطالب کے حق میں اتری اور بعض نے نقل کیا ہے کہ مسلمانوں نے چاہا کہ اپنے آباء مشرکین کے لئے جو مر چکے تھے استغفار کریں اس آیت میں ان کو منع کیا گیا۔ بہر حال شانِ نزول کچھ ہو حکم یہ ہی ہے کہ کفار و مشرکین کے حق میں جن کا خاتمہ کفر و شرک پر معلوم ہو جائے استغفار جائز نہیں۔

تنبیہ

حضورؐ کے والدین کے بارہ میں علمائے اسلام کے اقوال مختلف ہیں بعض نے ان کو مومن و ناجی ثابت کرنے کے لئے مستقل رسائل لکھے ہیں۔ اور شرّاح حدیث نے محدثانہ و متکلمانہ بحثیں کی ہیں۔ احتیاط و سلامت روی کا طریقہ اس مسئلہ میں یہ ہے کہ زبان بند رکھی جائے اور ایسے نازک مباحث میں خوض کرنے سے احتراز کیا جائے حقیقت حال کو خدا ہی جانتا ہے اور وہ ہی تمام مسائل کا ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے۔

محترم حضرات ! ترجمہ اور تفسیری حاشیہ سے یہ بات کافی حد تک واضح ہو گئی ہے کہ کسی مسلمان حتیٰ کہ پیغمبر کو بھی یہ اجازت نہیں کہ وہ کسی مشرک کے لئے اللہ کے حضور بخشش و مغفرت کی دعا کرے خواہ شرک میں مبتلا شخص ان کا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو —— یہ مسئلہ اپنی جگہ بڑا واضح ہے کہ کسی انسان کو ہدایت دینا یا نہ دینا اللہ تعالےٰ کے اختیار میں ہے اور من یھدہِ اللہ فلا مضل لہٗ و من یضللہ فلا ھادی لہٗ کہ جس کو اللہ تعالےٰ ہدایت نصیب فرمائیں اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کر دیں اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔

صحیح بخاری کی روایت ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابوطالب موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہوئے تو سید کائنات علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے اور انہیں اسلام قبول کرنے کی تلقین کرتے ہوتے یہاں تک فرمایا کہ چچا! آپ میرے کان میں ہی کلمہ پڑھ لیں۔ تاکہ قیامت کے دن میں آپ کی مغفرت کے لئے حق تعالےٰ سے گفتگو تو کر سکوں —— یعنی حضور علیہ السلام کے قلب مبارک میں یہ خواہش بڑی شدت کے ساتھ موجود تھی کہ ابوطالب ایمان لے آئیں۔ لیکن پاس بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے ابوجہل وغیرہ نے کہا —— ابوطالب! دیکھنا آخری وقت ہیں اپنے آباء و اجداد کا مذہب نہ چھوڑ بیٹھنا۔ چنانچہ ابوطالب کو توفیق نصیب نہ ہوئی اور وہ عقیدۂ کفر و شرک پر ہی فوت ہو گئے۔ تو حضور علیہ السلام کے دل پر فطری اور طبعی رنج موجود تھا اور آپؐ افسوس زدہ تھے کہ کاش، چچا ایمان قبول کر لیتے تو خداوند کریم نے اپنے نبیؐ کے دل سے یہ اثر ختم کرنے کے لئے ارشاد فرمایا، کہ انک لا تھدی من احببت ولٰکنّ اللہ یھدی من یشاء۔ میرے پیغمبر! آپؐ کسی کو ہدایت دینا چاہیں تو نہیں دے سکتے کیونکہ یہ اختیار ہم نے اپنے قبضہ قدرت میں رکھا ہے اور ہم جس کو چاہتے ہیں ہدایت نصیب کر دیتے ہیں۔ یعنی ہدایت و گمراہی تو بہر طور خدا کے قبضہ میں ہے تاہم کسی کافر و مشرک کے لئے اس کی زندگی میں ہدایت کی تمنا کرنا اور اس کے لئے حق تعالےٰ سے دعا کرنا ہرگز منع نہیں بلکہ گمراہوں کو ہدایت کی طرف لانے کی عملی جد و جہد اور اس کی تمنا بذاتِ خود ایک نیکی ہے اور بہت بڑی نیکی ہے! لیکن جب کوئی آدمی زندگی کے آخری لمحات تک بھی ایمان کی دولت سے محروم رہتا ہے، اور شرک میں مبتلا رہتے ہوئے مر جاتا ہے تو اس کے لئے اللہ تعالےٰ کا واضح فیصلہ یہ ہے کہ وہ عذاب جہنم کا مستحق ہے۔ اور اس کے لئے حق تعالےٰ سے معافی کی کوئی گنجائش نہیں اس لئے حق تعالےٰ کی بارگاہ میں اس کی مغفرت و بخشش کی دعا مانگنے کی نہ کسی عام مسلمان کو اجازت ہے اور نہ ہی نبی اور پیغمبر اس کا مجاز ہے۔

محترم حضرات! اس واضح حکم کے بعد حق تعالےٰ نے ساتھ

ہی ایک اشکال کا جواب بھی مرحمت فرمایا۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ قرآن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کے متعلق یہ صراحت موجود ہے کہ وہ شرک کا عقیدہ رکھتا تھا۔ اور آخر تک اس پر قائم رہا لیکن قرآن میں یہ بھی موجود ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک موقع پر یہ دعا مانگی کہ واغفر لابی، اے اللہ! میرے والد کی مغفرت فرما۔ تو اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے مشرک باپ کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں تو ہمارے لئے بھی اس کی گنجائش ہونی چاہیئے کہ ہم اپنے رشتہ داروں کے لئے بارگاہِ ایزدی میں درخواست کر سکیں۔ تو اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ وما کان استغفار ابراھیم لابیہ الاعن موعدۃ وعدھا ایاہ فلما تبیّن لہٗ انہ عدوٌّ للہ تبرّأ منہ۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ کے لئے استغفار کرنا صرف اسی وعدے کی وجہ سے تھا جو انہوں نے اپنے باپ سے کر رکھا تھا لیکن جب ان پر واضح ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو انہوں نے اس سے بیزاری کا اظہار کر دیا ——— یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تو اپنے باپ سے وعدہ کیا تھا کہ میں تمہارے لئے اپنے رب سے بخشش طلب کروں گا اور اس وعدے کو پورا کرنے کے لئے ہی ایسا کرتے رہے لیکن جب آپ کا والد اسی حالت میں مر گیا اور اسے توبہ کی توفیق نصیب نہ ہوئی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر واضح ہو گیا کہ اس کی موت مشرکانہ عقائد پہ واقع ہوئی ہے تو آپ نے بیزاری کا اظہار کیا اور پھر کبھی بھی اس کے لئے دعائیہ کلمات ادا نہ کئے۔

محترم حضرات! حضرت ابراہیم علیہ السلام سے متعلق اس آیت کریمہ سے بھی یہی بیان کرنا مقصود ہے کہ کافروں اور مشرکوں کے لئے ان کی زندگی میں ہدایت کی دعا تو درست ہے لیکن ان کے مرجانے کے بعد کسی طرح کی بھی مغفرت نہیں مانگی جا سکتی۔ کیونکہ شرک کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے وہ حق تعالیٰ کی لازوال اور حقیقی حکمرانی کے باغی رہے ہیں اور انہیں اس پر کبھی ندامت بھی محسوس نہیں ہوئی۔ اب اُن کا معاملہ براہ راست مالک حقیقی کے ساتھ ہے وہ جو سلوک چاہے ان کے ساتھ روا رکھے۔

جس طرح دنیا میں کسی باغی کی سفارش بجائے خود ایک جرم اور بغاوت کی حوصلہ افزائی و پشت پناہی کے برابر ہے، اسی طرح خداوند قدوس کی بغاوت کا مجرم اس قابل نہیں کہ اس کی سفارش کی جائے ——— اس لئے حق تعالےٰ نے بڑے واضح حکم کے ذریعہ اس مسئلہ کو بیان فرما دیا تاکہ مسلمان اس معاملہ میں خدا تعالےٰ کی ناراضگی سے بچ سکیں۔

اللہ تعالےٰ ہمیں اپنے عقائد و اعمال کو قرآن و سنت کی روشنی میں درست کرنے کی توفیق ارزانی فرمائیں۔

وما علینا الا البلاغ

ضروری اعلان

حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب رحمہ اللہ تعالےٰ سابق خطیب نیو انارکلی لاہور کی سوانح زیر ترتیب ہے۔ مولانا المحترم کے احباب، عقیدت مندوں اور ملنے والوں سے درخواست ہے کہ مرحوم سے متعلق کوئی واقعہ وغیرہ علم میں ہو تو اسے لکھ کر ارسال کریں اور اگر مرحوم کی کوئی تحریر موجود ہو تو اس کا فوٹو بھیج کر ممنون فرمائیں۔

میاں عبدالرحمٰن
خطیب جامع مسجد نیو انارکلی لاہور

محمد سعید الرحمٰن علوی

نشریہ ریڈیو پاکستان، لاہور
۵ ستمبر ۱۹۸۲ء شام سوا سات بجے

بیع فاسد

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ الہ وصحبہ ومن تبعھم الی یوم عظیم ——— اما بعد

محترم سامعین! کاروبار، خرید و فروخت وغیرہ کے لئے قرآن عزیز میں دو لفظ استعمال ہوئے ہیں ایک لفظ "بیع" جو قرآن مجید میں ۵ مقامات پر آیا ہے اس کے معنی ہیں خرید و فروخت، لین دین، بیچنا، خریدنا، اس کے ساتھ ایک اور لفظ استعمال ہوتا ہے یعنی 'شرا' ان کا فرق یہ ہے کہ سودا دے کر قیمت لینے کو 'بیع' کہتے ہیں اور قیمت دے کر سودا لینے کا نام 'شرا' ہے جبکہ کبھی کبھار یہ دونوں لفظ ایک دوسرے کی جگہ مستعمل ہوتے ہیں۔ دوسرا لفظ جو قرآن نے ذکر کیا وہ "تجارت" ہے جس کا معنی سوداگری اور بیوپار کا ہے گو کہ اس کے اور لفظ بیع کے معنی میں لفظی طور پر ذرا سا فرق ہے لیکن مفہوم کے اعتبار سے دونوں کا فائدہ یکساں ہے۔ یہ لفظ قرآن کریم میں چھ مقامات پر وارد ہوا ہے۔ بیع یعنی خرید و فروخت کی کئی اقسام ہیں ایک قسم "بیع باطل" کہلاتی ہے تو ایک قسم "بیع فاسد" ان دونوں کے احکام جدا جدا ہیں جبکہ آج کی صحبت میں "بیع فاسد" کے متعلق چند گذارشات پیش کرنی ہیں ——— مقصد سے متعلق گذارشات پیش کرنے سے قبل اس طرف توجہ دلانا ضروری ہے کہ "تجارت" ہماری اجتماعی زندگی کا ایک اہم ترین شعبہ ہے اور نسل انسانی کی ابتدا سے جو کام لوگ اپنی ضروریات کی تکمیل کی غرض سے کرتے چلے آ رہے ہیں ان میں تجارت و بیع بھی شامل ہے۔ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام میں سے متعدد حضرات کی اس معاملہ میں علمی جدوجہد ایک ثابت شدہ حقیقت ہے اور ہمارے آقا و مولا حضرت خاتم النبیین قائدنا الاعظم الاکرم محمد عربی صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وسلامہ کی تجارتی زندگی آپ کی سیرت طیبہ کا ایک خوبصورت باب ہے۔ آپ کے اولین فیض یافتہ حضرات میں سے حضرت ابوبکر صدیق اکبرؓ حضرت عثمان غنی اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم جیسے حضرات کی تجارتی سرگرمیاں معروف و مشہور ہیں۔ جبکہ ائمہ اربعہ میں سے مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت کے مقتدا حضرت الامام ابوحنیفہ قدس اللہ سرہ العزیز ایک معروف ترین تاجر تھے۔ قرآن عزیز نے سورۂ بقرہ میں تجارت و بیع کو حلال فرمایا اور اس کے بالمقابل سود اور ربوا کو حرام کہا۔ احل اللہ البیع وحرم الربوا۔ حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واصحابہ وسلم نے غنا اور تونگری حاصل کرنے کے خواہشمندوں کو تجارت کرنے کی تلقین کی۔ اسی طرح ایک حدیث میں حلال کمائی کو فرائض کے بعد سب سے بڑا فرض ارشاد فرمایا۔ اسی طرح احادیث میں اس سلسلہ میں بکثرت ارشادات ہیں۔ جن سے تجارت اور خرید و فروخت کے ضمن میں مسائل سامنے آتے ہیں۔ مثلاً معاملات میں نرمی کرنے والے تاجر کے لئے آپ نے رحمت کی دعا فرمائی۔ خرید و فروخت میں زیادہ قسموں سے روکا کہ یہ جھوٹ کی علامت ہے اور اس سے برکات زائل ہو جاتی ہیں نیز کاروبار میں دھوکہ دہی اور خیانت و ملاوٹ کرنے والے متعلق فرمایا کہ اس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں اور جو تاجر سچا اور دیانت دار ہے اس کا حشر انبیاء علیہم السلام اور صدیقین و شہدا علیہم الرحمہ کے ساتھ ہوگا ——— اس کے ساتھ ہی قرآن عزیز نے ان کاروباری لوگوں کے لئے ہلاکت و بربادی کی خبر دی جن کے لینے اور دینے کے باٹ اور پیمانے الگ الگ ہوتے ہیں نیز خدا خوفی رکھنے والے تاجروں کا ذکر سورۂ نور میں اس طرح فرمایا کہ ان کی تجارت اور خرید و فروخت کا دھندا انہیں اللہ تعالیٰ کی یاد، نماز کی ادائیگی اور زکوٰۃ سے نہ روکتا ہے نہ غافل کرتا ہے گویا ایک مخلص مسلمان اپنے وقت پر ہر کام احسن طریق سے ادا کرتا ہے اور جب وہ کاروباری مشغولیتوں میں ہوتا ہے تو خدا خوفی کا

جوہر اسے خرابیوں سے بچاتا ہے ـــــ یہ گذارشات اس بات کا تقاضہ کرتی ہیں کہ مسلمان تجارت وکاروبار میں سوچ سمجھ کر قدم رکھے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ سرمایہ بھی لگائے، محنت بھی کرے لیکن نتیجہ حرام خوری کی شکل میں سامنے آئے۔

علماء نے بیع کی اصولی طور پر چار قسمیں لکھی ہیں ایک تو نافذ کہلاتی ہے یعنی جو قطعی طور پر واقع ہو جائے دوسری قسم موقوف کہلاتی ہے یعنی جس میں کسی قسم کی شرط ہو اور جب تک وہ شرط پوری نہ ہو معاملہ آگے نہ بڑھے۔ تیسری قسم فاسد ہے یعنی ناقص اور چوتھی قسم باطل کہلاتی ہے یعنی بالکل غلط۔

پھر مبیع ہے یعنی وہ چیز جو فروخت شدہ ہے تو اس کے اعتبار سے بھی چار ہی قسمیں ہیں۔ جب معین چیز دوسری معین چیز کے بدلے میں ہو تو اسے مقایضہ کہتے ہیں، نقدی کی فروخت نقدی سے ہو تو اسے صرف کہتے ہیں اور جب نقدی کسی مال سے فروخت ہو تو اس کا نام سلم ہے اور جب کوئی شے نقدی سے دست بدست یا ادھار فروخت ہو تو اس کا نام بیع مطلق ہے۔

پھر قیمت کا اعتبار کیا جائے تو وہاں بھی چار قسمیں بنتی ہیں یعنی تولیہ، مرابحہ، ضیعہ اور مسالمہ۔ مال فروخت کرتے وقت یہ دیکھا جائے کہ ابتداً جو سودا کیا گیا تھا وہ کتنے میں ہوا تھا؟ اگر تو کسی کمی بیشی کے بغیر اسی قیمت پر فروخت کیا گیا تو اسے بیع تولیہ کہتے ہیں۔ قیمت خرید سے زائد پر سودا ہو تو یہ مرابحہ ہے کم پر بیچا گیا تو یہ ضیعہ ہے اور اگر قیمت خرید کا لحاظ کئے بغیر کیف ما اتفق بیچ دیا تو یہ مسالمہ ہے ـــــ اس تفصیل کی روشنی میں علماء نے بیع مخصوص کی یہ تعریف کی ہے کہ کسی مال کو مقرر طریقہ سے نقدی کے عوض فروخت کرنا۔ اور بیع عمومی کی تعریف یہ ہے کہ ایک مال کا تبادلہ دوسرے مال سے مقررہ طریقے پر کیا جائے اور مقررہ طریقہ اور قاعدہ کا مفہوم یہ ہے کہ طرفین یعنی خرید و فروخت کرنے والے ایجاب و قبول کر لیں گویا تسلیم و رضا سامنے آ جائے کہ بات طے ہو جائے اور لینا دینا کر لیا جائے۔ سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ و اصحابہ وسلم کی ذات گرامی نے تمام اصول و ضوابط کو سامنے رکھ کر کی گئی تجارت کی تعریف فرمائی۔ مسند احمد اور طبرانی کی روایت کے مطابق آپ نے ارشاد فرمایا۔

افضل الکسب بیع مبرور و عمل الرجل بیدہ۔

یعنی کمائی کا بہترین ذریعہ بیع مبرور اور ہاتھ کی محنت ہے ـــــ بیع مبرور کی تعریف حضرات علماء کرام نے یہ فرمائی ہے کہ وہ ایسی تجارت ہے جس میں خوش معاملگی ہو، سودے میں کھوٹ نہ ہو، خیانت نہ ہو اور کسی طرح اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو۔ بیع کو اللہ تعالےٰ نے جو حلال قرار دیا جیسا کہ قرآن کریم کے حوالہ سے گذرا تو اس کی حکمت یہ ہے کہ اس سے لوگ باہمی فائدہ حاصل کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی اعانت ہو جاتی ہے جس سے معاشی نظام کی درستگی کا عمل جاری رہتا ہے اور ہر شخص حتی المقدور اچھے گذر بسر کے لئے سرگرم عمل رہتا ہے ـــــ بیع کے ارکان یعنی جن کے بغیر بیع درست نہیں ہوتی تین ذکر کئے گئے ہیں ایک تو صیغہ یعنی الفاظ ایجاب و قبول۔ پھر عاقد یعنی صاحب معاملہ، پھر معقود علیہ یعنی سودے کی اشیاء ـــــ صیغہ یعنی الفاظ ایجاب و قبول سے ہر عملی اور قولی صورت مراد ہے۔ جس سے خرید و فروخت کرنے والوں کے درمیان مملوکہ اشیاء کے تبادلہ کا ثبوت ہوتا ہو اور صاحب معاملہ کے لئے باشعور ہونا، سوجھ بوجھ کا مالک ہونا۔ اپنی خوشی و رضا سے معاملہ کرنے والا ہونا ضروری ہے۔ ایک صاحب جو مجنوں ہوں یا بچے ہوں یا صاحب اختیار نہ ہوں یا انہیں خرید و فروخت کی سوجھ بوجھ نہ ہو ان کا سودا معتبر نہ ہوگا۔ جس کے تفصیلی احکامات اپنی جگہ موجود ہیں۔ اسی طرح جن اشیاء کا سودا کیا جائے ان کے لئے بھی شرائط ہیں ایک تو یہ کہ وہ چیز حلال ہو۔ اگر فروخت ہونے والی چیز یا قیمت حرام و نجس ہوگی تو سودا غلط ہوگا۔ ایک شرط یہ ہے کہ جس چیز کا سودا ہوا وہ شرعاً قابلِ استعمال ہو۔ ایک یہ کہ جو سودا کر رہا ہے وہ اس کی ملکیت ہو۔ ایک شرط یہ ہے کہ جو فروخت کرنے والا ہے وہ اس چیز کو خریدنے والے کے قبضہ میں دینے کی طاقت رکھتا ہو۔ اسیطرح ایک شرط یہ ہے کہ فریقین کو

اپنی اپنی چیزوں کا پورا پورا علم ہو۔ ایک شرط یہ ہے کہ کوئی لایعنی شرط تجارت میں نہ لگائی جائے جیسے کہ ایسی تجارت کہ یہ اونٹ سال بھر کے لئے تمہیں اتنے پر فروخت کرتا ہوں ـــــ پھر صحت معاملہ کے لئے ضروری ہے کہ فریقین منعقدہ مجلس سے الگ الگ ہونے سے قبل مال اور قیمت سنبھال کر اپنے قبضہ میں لے لیں۔ مبادا کوئی نزاع یا جھگڑے کی صورت پیدا ہو جائے۔

یہ تمام مسائل معاملات بیع سے متعلق ہیں اور اصل تفصیلات کا محض سرسری خلاصہ۔ کیونکہ صحبت امروزہ میں بعض بیع فاسد سے متعلق چند گذارشات پیش کرتی ہیں چنانچہ علماء کے نزدیک "جو بیع شریعت میں بالکل ہی غیر معتبر اور لغو ہو اور ایسا سمجھا جائے کہ گویا اس نے بالکل خریدا ہی نہیں یا اس نے بیچا ہی نہیں اس بیع کو بیع باطل کہتے ہیں" اس کا حکم یہ ہے کہ خریدار اس کا مالک نہیں ہوا وہ چیز اب تک بیچنے والے ہی کی ملکیت ہے۔ اس لئے خریدار اسے اپنے استعمال اور تصرف میں نہیں لا سکتا لیکن جو بیع ہو تو گئی ہو یعنی اپنی اصل کے اعتبار سے اس میں کچھ گڑبڑ نہ ہو البتہ کسی وجہ سے اس میں کوئی خرابی واقع ہو گئی ہو تو اس کو بیع فاسد کہتے ہیں۔" اس کا حکم یہ ہے کہ جب تک متعلقہ شے خریدنے والے کے قبضہ میں نہ جائے تب تک وہ اس کی مِلک نہیں ہوتی لیکن جب قبضہ کر لیا تو مِلک میں تو آگئی لیکن حلال طیب نہیں اس لئے اس کو استعمال میں لانا یا اس میں تصرف درست نہیں بلکہ ایسی بیع کا توڑنا واجب ہے، اگر سودا مقصود ہو تو دوبارہ بات کریں اور جس وجہ سے خرابی پیدا ہوئی یا ہو سکتی ہے اس سے الگ ہو کر صاف سیدھی شرائط پر بات کریں۔ ایسی بیع اگر کسی نے توڑی نہیں اور اسیطرح کسی دوسرے کے ہاتھ بیچ دی تو گناہ ہوگا۔ ہاں دوسرے درجہ میں خریدنے والے کے لئے اس کا استعمال اور اسے تصرف میں لانا جائز ہوگا یہ دوسری بیع درست ہوگی۔ اگر بیچنے والے نے نفع لے کر بیچا ہے تو اس کا نفع خیرات کر دے اپنے استعمال میں نہ لائے یہ بات مختصراً یوں کہی جا سکتی ہے کہ وہ شرائط و ارکان جو بیع و شرا کی درستگی کے لئے ضروری ہیں ان میں خلل آجائے تو یہ بیع فاسد ہے اور فاسد سودا بہرحال غلط اور بعض صورتوں میں حرام ہے اس سے احتراز لازمی ہے ـــــ تالاب کی مچھلیاں بیچنے کا جو دستور ہے تو یہ بیع باطل ہے چاہیئے یہ کہ مچھلیاں پکڑے ان کا شکار کرے اور اپنے قبضہ میں لانے کے بعد انہیں فروخت کرے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ عام جگہوں سے مچھلیاں پکڑنے پر پابندی بھی درست نہیں۔ اور نہ یہ درست ہے کہ دوسروں سے پکڑوا کر بیچی جائیں کیونکہ اس شکل میں مالک پکڑنے والا ہوگا نہ کہ پکڑانے والا۔ زمین میں اپنے طور پر جو گھاس وغیرہ اُگتی ہے۔ اسے نہ کوئی لگاتا ہے نہ پانی دے کر سینچتا ہے تو یہ گھاس وغیرہ کسی کی مِلک نہیں ہوتی جو چاہے کاٹ لے اس کا بیچنا یا کسی کو کاٹنے سے منع کرنا درست نہیں ہاں اسکو سینچا یا کسی طرح خدمت کی تو اب حق ملکیت درست ہوگا۔ بکری یا کسی دوسرے جانور کے پیٹ میں موجود بچہ بیچنا درست نہیں۔ پورا جانور بیچنا الگ بات ہے اور اس طرح کی شرط کہ میں جانور تو بیچتا ہوں لیکن جو بچہ ہوگا وہ میرا ہوگا یہ بیع فاسد ہے۔ جانور کے تھن میں بھرا ہوا دودھ دوہنے سے پہلے بیچنا بیع باطل ہے اسیطرح بھیڑ وغیرہ کے جسم پر موجود بال کاٹے بغیر بیچنا درست نہیں۔ جو لکڑی وغیرہ کسی مکان وغیرہ میں فٹ ہو اسے نکالے بغیر بیچنا درست نہیں ممکن ہے اسے گھن وغیرہ نے اندر سے کھا لیا ہو۔ آدمی کے بال، ہڈی وغیرہ کسی چیز کا بیچنا ناجائز ہے۔ اور ان چیزوں کو اپنے کام میں لانا درست نہیں۔ خنزیر کے سوا دوسرے مردار کی ہڈی، سینگ اور بال پاک ہیں ان کو استعمال میں لانا اور انہیں بیچنا جائز ہے۔ خنزیر کی کوئی چیز تصرف میں لانا یا بیچنا درست نہیں۔ کوئی شخص کسی سے کوئی چیز اس طرح خریدے کہ نقد روپیہ ادا نہ کرے اور پھر کچھ وقت بعد کہدے کہ میں روپیہ ادا نہیں کر سکتا اپنی چیز لے جاؤ میں اتنا روپیہ البتہ تمہیں اس لئے دے دوں گا کہ میں نے کچھ وقت یہ چیز اپنے یہاں رکھی ہے تو یہ چیز غلط اور ناجائز ہے۔ کوئی شخص اس شرط پر مکان بیچتا ہے کہ ایک مہینہ تک ہم قبضہ نہ دیں گے یا اس میں خود رہیں گے یا یہ شرط کہ تم ہمیں اتنا روپیہ قرض دے دو

یا کپڑا اس شرط پر خریدنا کہ تم ہی کاٹ کر سی بھی دینا یا ایسی شرط کہ سودا ہمارے گھر پہنچا دینا یا اور اس قسم کی کوئی شرط جو شرعاً واہیات اور ناقابلِ اعتماد ہو تو اس قسم کی ہر بیع، بیع فاسد کہلاتی ہے۔

اس قسم کی شرط پر دودھ دینے والا جانور بیچنا کہ اتنے سیر یا اتنی مقدار میں دودھ دیتا ہے غلط ہے بغیر مقدار کے تعین بیچنا چاہئے۔ مٹی، چینی یا کسی اور چیز کے کھلونے جن میں تصاویر ہوں خریدنا ناجائز ہے شریعت میں ان کی کوئی قیمت نہیں کوئی انہیں توڑ دے تو کسی قسم کا تاوان توڑنے والے کے ذمہ نہ ہوگا۔ کوئی چیز از قسم اناج، گھی وغیرہ نرخ طے ہو جانے کے بعد خریدا تو اب دیکھنا یہ ہوگا کہ بیچنے والے نے تمہارے سامنے یا تمہارے وکیل کے سامنے تول کر دیا ہے یا نہیں اور یا یہ کہا کہ تم جاؤ ہم تول کر تمہارے گھر بھیج دیں گے، یا پہلے سے تول کر الگ رکھا ہوا تھا اب تولے بغیر اسیطرح اٹھوا کر دے دیا تو اب پہلی صورت یعنی سامنے تول کر دیا بالکل درست ہے گھر میں لا کر تولنے کی ضرورت نہیں۔ باقی صورتوں کا حکم یہ ہے کہ جب تک خود تول کر اپنی تسلی نہ کر لے ان کا استعمال اور انہیں تصرف میں لانا درست نہیں۔ مگر تولے بغیر اسی طرح فروخت کر دیا تو یہ بیع فاسد ہوگی۔ کسی شخص نے بیچنے سے پہلے چیز تول کر تمہیں دکھا دی اس کے بعد تم نے خریداری کر لی لیکن مالک نے سودا طے ہو جانے کے بعد دوبارہ نہیں تولا تو اس صورت میں بھی خریدار پر تولنا ضروری ہے بغیر تولے تصرف میں لانا یا استعمال کرنا درست نہیں۔ زمین اور مکان وغیرہ کے علاوہ ہر چیز باقاعدہ قبضہ میں لینا ضروری ہے بغیر قبضہ ان کا بیچنا درست نہیں کسی شخص نے دوسرے سے کوئی چیز خرید لی کچھ دنوں بعد کسی تیسرے نے دعویٰ کر دیا کہ یہ چیز تو میری ہے اس نے یونہی پکڑ کر بیچ ڈالی تھی تو مسلمان قاضی کے سامنے یہ مقدمہ جائے گا اور دو گواہ قانون شہادت کے مطابق پیش کرنا ہوں گے قاضی کے فیصلے کے بعد متعلقہ چیز اسے دینی پڑے گی اور اس سے کسی قسم کے دام لینے کا حق نہ ہوگا ہاں بیچنے والا مل جائے تو اس سے اپنے دام وصول کر لے۔ بکری گائے وغیرہ مر جائے تو ظاہر ہے کہ مردار کی بیع درست نہیں ہاں ان کی کھال وغیرہ کھچوا کر درست کروا لینا اور پھر اسے بیچ ڈالنا یا اپنے استعمال میں لانا جائز ہے۔ دو شخص کسی چیز کا سودا طے کر رہے ہوں اور کسی چیز کا ایک خاص دام پر ان کے درمیان سودا طے ہو جائے تو کسی تیسرے کے لئے جائز نہیں کہ اسی وقت دام بڑھا کر سودا لے لے اسیطرح خریدار کو یہ کہنا کہ یہ تم نہ لو میں سستے داموں یہ چیز دلوا دوں گا یہ بھی غلط ہے۔ ہاں اس مجلس میں فریقین کا سودا نہ ہو سکا تو اب تیسرا آدمی اپنا رول ادا کر سکتا ہے کوئی شخص کسی سے کوئی چیز خریدتا ہے فریقین کے باہمی تصفیہ سے معاملہ طے ہوگیا خریدار نے دام ادا کر کے سودا اپنے قبضہ میں لے لیا کہ چند روز بعد وہی چیز اسی دکاندار سے کسی دوسرے نے اس سے سستی خرید لی تو اب پہلے خریدار کو جھگڑنا درست نہ ہوگا اور اگر جھگڑ کر یا زبردستی کچھ وصول کر گیا تو یہ ظلم ہوگا۔ اسی طرح ایک شخص کاروباری ہے وہ تجارت کرتا ہے لیکن کوئی چیز کسی کے ہاتھ بوجوہ نہیں بیچنا چاہتا تو اس سے زبردستی لینا درست نہیں۔ کیونکہ وہ مالک ہے چاہے بیچے یا نہ بیچے۔ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ صاحب جاہ و منصب لوگ اپنے جاہ و منصب کے زور پر چیزیں اڑا لیتے یا سستی لے لیتے ہیں یہ بدترین قسم کا ظلم ہے۔ کسی سے سودا خریدا جو قیمت طے ہوئی اس کے بدلے پورا پورا مال لے لیا۔ اور پھر دو چار دانے زبردستی اٹھا لئے یا حاصل کر لئے یہ درست نہیں۔ مالک اپنی خوشی سے کوئی چیز دے دے یہ الگ بات ہے اسیطرح جو دام طے ہو جائیں بعد میں ان سے کم کرانا درست نہیں مالک اپنی مرضی سے کم کر دے تو بسم اللہ۔ کسی کے گھر میں شہد کا چھتہ ہو تو وہی اس کا مالک ہوگا۔ کوئی غیر اس کو توڑنا یا لینا چاہے یہ درست نہیں اور کسی کے گھر میں کسی پرندے نے بچے دئے تو وہ صاحب خانہ کی ملک نہیں جو پکڑ لے اسی کے ہیں لیکن بچوں کو پکڑنا اور ستانا روا نہیں ـــ بیع فاسد سے متعلق ضروری احکام کا خلاصہ عرض کر دیا گیا بوقت ضرورت معاملات سے متعلق اہلِ علم سے پوچھ لینا چاہئے ـــ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح کاروبار کی نعمت سے نوازے۔ ٭

ہمارے چند قابلِ توجہ قومی و ملی مسائل

- نظام عشر
- اسلامی معیشت
- اسلامی نظام کے نفاذ کا معاملہ
- نظامِ تعلیم
- مسئلہ افغانستان
- فرقہ واریت اور قادیانیت

۲۳ جون ۱۹۸۲ء بروز بدھ وفاقی مجلسِ شوریٰ کے بجٹ سیشن میں مولانا سمیع الحق صاحب اکوڑہ خٹک رکن وفاقی کونسل نے بجٹ پر کی گئی تقریر میں اہم قومی و ملی مسائل پر حکومت کو توجہ دلائی۔ تقریباً ایک گھنٹہ کی یہ تقریر من وعن ٹیپ ریکارڈ اور وفاقی کونسل کی مدد سے پیش ہے۔ ادارہ

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے موقعہ دیا۔ تقریباً نو دن سے میں منتظر تھا کہ وقت ملے اور اب تو وہ صورت ہے کہ

؎ چوں دورِ خسرو آمدے درسبو نماندہ

جو اہم باتیں ہیں جو نکتے تھے مجھ سے پیشتر فاضل ارکان کہہ چکے ہیں۔ پھر اتنے دن بعد نہ وہ جوش و خروش قائم رہتا ہے۔ نہ وہ جذبہ کہ تکرار سی لگتی ہے۔ بہر حال میں چند ضروری معروضات پیش کروں گا چونکہ اعداد و شمار اور حساب کتاب ہر شخص کا موضوع ہوتا ہے۔ تو میں ان تفصیلات میں بھی نہیں پڑتا۔ مگر اسلامی نقطۂ نظر سے بجٹ کے متعلق مختصراً کچھ خیالات پیش کروں گا۔

۱۔ نظامِ عشر کا نفاذ اس سمت میں ایک نئی چیز ہے۔ جو ہمارے سامنے آئی، جو اس لحاظ سے ایک مستحسن اقدام ہے۔ کہ کچھ تو بات آگے بڑھ رہی ہے۔ اسلام میں ایک شعبۂ نظامِ معاشیات کا ہے۔ اور نظامِ مالیات کو اسلامی خطوط پر استوار کرنا بھی ایک اسلامی مملکت کا بنیادی فریضہ ہے۔ مگر اس طرح نظامِ عبادات بھی ہے۔ تو ہمیں خوشی ہے کہ الحمدللہ نظامِ مالیات کو تو اسلامی سانچہ میں ڈھالنے کے اقدامات ہو رہے ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ نظامِ عبادات کو بھی قائم کرنا اسے پھیلانا وہ بھی حکومت کا فریضہ ہے۔ اللہ تعالےٰ نے واٰتوا الزکوٰۃ سے پہلے اقیموا الصلوٰۃ کا حکم دیا ہے تو زکوٰۃ اور صلوٰۃ دونوں کا قیام بھی حکومت کا بنیادی فریضہ ہے۔ اس ضمن میں بعض لوگوں کی رائے یہ ہوتی ہے۔ کہ عبادات ایک نجی معاملہ ہے۔ حالانکہ عبادات کا قیام بھی حکومت کا اوّلین فریضہ ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

الذین ان مکنھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ وہاں بھی اللہ نے حکومت کی ذمہ داری قرار دی۔ صلوٰۃ سے مراد سارا نظام عبادات ہے کہ وہ بھی اس طرح لازمی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں کچھ لوگوں نے زکوٰۃ کی ادائیگی سے انکار کیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا واللہ لا قاتلن من فرق بین الصلوٰۃ والزکوٰۃ کہ جو صلوٰۃ اور زکوٰۃ میں تفریق کرتا ہے۔ میں ضرور اس کے ساتھ جہاد کروں گا۔ وہ صلوٰۃ کو تو مانتا ہے اور زکوٰۃ کا نظام نہیں قبول کرتا۔ اب اس سے یہ معلوم ہو گیا کہ جو نظامِ مالیات کو تو اہمیت دیتے ہیں (اور الحمدللہ خوشی کی بات ہے) اور نظامِ عبادات کو ثانوی حیثیت دیتے ہیں اور اسے عوام کی مرضی پر چھوڑتے ہیں۔ وہ بھی حضرت ابوبکرؓ کے قول کی بنا پر اسلام کے احکام کے نفاذ میں اس طرح تفریق کر رہے ہیں۔

عشر اور چند تجاویز

بہر حال نظامِ عشر کی طرف یہ پیش قدمی ایک قابلِ تعریف اقدام ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں کچھ واضح اقدامات اور مسودات

ہمارے سامنے نہیں آئے بجٹ میں اجمالی ذکر ہے تو شاید وزیر خزانہ عشر کے بارہ میں اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کو ملحوظ رکھ کر ان قوانین کو آخری شکل دیں گے۔ اس وقت بجٹ میں ہمارے سامنے ۵٪ عشر کا مسئلہ آیا ہے۔ جبکہ عشر کے بارہ میں تفصیل ہے۔ کہ کچھ بارانی زمین ہوتی ہے اور کچھ وہ زرعی جو ٹیوب ویلوں نہروں وغیرہ کے نظام آبپاشی سے سیراب ہوتی ہے۔ تو قدرتی وسائل بارش وغیرہ سے سیراب ہونے والی زمین کی پیداوار میں عشر ہے یعنی دس فیصد اور آبپاشی نہروں والی زمینوں میں ۵ فیصد یعنی نصف العشر اور یہاں صرف نصف العشر کو نافذ کیا گیا۔ اب اگر یہ خیال ہے کہ آدھا عشر ہم نے زمین کے مالک کی مرضی پر چھوڑ دیا کہ وہ از خود جسے چاہے ادا کر دے تو یہ ایک اچھی بات ہے۔ اور احادیث میں اس کی گنجائش ہے کہ مالک اپنی مرضی سے دے دے۔ لیکن اس حساب سے تو بارانی زمین والا عشر ۵٪ بن جاتا ہے۔ لیکن آبپاشی نظام کے تحت جو زمینیں سیراب ہوتی ہیں اور ان پر اخراجات آتے ہیں تو ان پر بھی ہم نے نصف العشر ۵ فیصد لگا دیا تو یہ تو ہم نے گویا سارا عشر ان سے لے لیا پھر انہیں از خود ادا کر سکنے کی رعایت نہ ملی۔ گویا سو من میں ایسی زمینوں میں ٹوٹل حق پانچ من ہے۔ دس من نہیں اب اگر انہیں بھی آپ اختیار دیتے ہیں کہ آدھا وہ خود ادا کر سکیں تو ان پر ڈھائی فیصد یعنی ڈھائی من لگنا چاہیئے تھا۔ یہ اگر صرف بارش سے سیراب ہونے والی زمینوں کا حکم ہوتا تو پھر تو ۵ فیصد صحیح تھا کہ باقی ۵ فیصد وہ خود ادا کر دیتا۔ پھر بجٹ میں عشر سے ۲۵ فیصد اخراجات منہا کرنے والی بات بھی ہے تو بارانی پیداوار پر چونکہ اخراجات آبپاشہ ٹیوب ویل وغیرہ کے نہیں ہوئے۔ تو پہلے سے اللہ تعالیٰ نے دس فیصد لگا دیا کہ بغیر زیادہ محنت اور اخراجات کے اسے گھر بیٹھے غلہ اور پیداوار حاصل ہوا پھر ایسی پیداوار سے ۲۵٪ منہا کرنا سمجھ میں نہیں آتا اور جو ٹیوب ویلوں نہروں وغیرہ سے سیراب ہو رہے ہیں۔ ان کو اخراجات کے عوض پہلے سے اللہ تعالےٰ نے ۵٪ کی چھوٹ دے دی ہے۔ بہر حال اس مسئلہ کو پورا واضح کر دینا چاہیئے اور علماء و فقہاء کی آراء و سفارشات کی روشنی میں آخری شکل دینی چاہیئے کیونکہ ایک خالص دینی اور فقہی معاملہ ہے۔ اتنی گنجائش احادیث سے بھی نکل سکتی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا:

